بسم اللہ الرحمن الرحیم

# مؤلف کا تعارف

تمام تعریفیں اس خدائے بزرگ و برتر کے لئے ہیں جس نے انسانیت کی جان رحمتِ عالمیان سرورِ ذیشان ﷺ کو تمام انسانوں کی رشد و ہدایت کے لئے معلم کائنات بنا کر بھیجا اور علماء کرام گلشنِ اسلام کے مہکتے ہوئے پھول ہیں جن کی خوشبوؤں سے عالمِ اسلام مہک رہا ہے اور ان پھولوں کے درمیان ایک بہت ہی خوشنما کلی کھل رہی ہے جس کی خوشنمائی دیکھ کر اندازہ ہوتا ہے کہ جب اس کی نشوونما مکمل ہو گی تو یہ ایک ایسا مہکتا پھول ہو گا جو خوشبوئے علم کے شیدائیوں کی توجہ کا مرکز ہو گا (اللہ عزّوجلّ نظر بد سے بچائے) میری مراد فاضل نوجوان، ابو حامد خلیل احمد مدنی قادری ہیں انہوں نے حال ہی میں اپنی جہدِ مسلسل اور دینی جذبے کی بناء پر بہت کم عرصے میں بہت زیادہ علمی خدمات سرانجام دی ہیں۔

ع۔ محبت مجھے ان جوانوں سے ہے ستاروں پہ جو ڈالتے ہیں کمند

فاضل موصوف دس جنوری انیس سو چھیاسی (10-01-1986) پنجاب کے شہر بہاول پور میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم ناظرہ قرآن پاک اور پرائمری کے بعد مڈل پھر والد محترم کی خواہش پر 2000ء میں قرآن پاک حفظ کرنا شروع کیا تین سال میں قرآن کریم حفظ کیا، حفظ کے بعد قراءت کورس کیا، پھر درسِ نظامی عالم کورس شروع کیا اور ساتھ ہی دنیاوی تعلیم کو جاری رکھا، کمپیوٹر کورس، انگلش لینگویج، عربی لینگویج کورس، صحافت کورس، ATTC یعنی عربی ٹیچنگ ٹریننگ کورس (اوپن یونیورسٹی کراچی سے)، ادیب، عالم، فاضل کورسز (سیکنڈری ایجوکیشن آف کراچی سے) کیا، پھر باقاعدہ Psychology پڑھی۔ اس وقت ایم اے اسلامیات و عربی مکمل ہو چکا ہے ایم فل کے لئے کوشش جاری ہے۔ الغرض فاضل موصوف اپنی ذات میں ایک انجمن ہیں، ان کا ایک بہت اہم کارنامہ تنظیمُ المدارس اہلسنت (پاکستان) کے نصاب میں شامل درسی کتب عربی مع اُردو ترجمہ اور اس کی تشریح کو سوالاً جواباً نہایت ہی آسان انداز میں پیش کرنا بھی ہے جس سے طلباء کو بہت آسانی ہو گی، فاضل موصوف مندرجہ ذیل کتب پر کام کر چکے ہیں نصاب مؤطا امام محمد، نصاب مؤطا امام مالک، تفہیم الطحاوی، آسان متنبی اور خلیل الوراثت وغیرہ ہیں اور اب نماز کے ضروری مسائل (سوالاً جواباً) پر مشتمل کتب پر کام جاری ہے۔

دُعا ہے کہ اللہ عزّوجلّ انہیں مزید ترقی عطا فرمائے اور دین اسلام کا سچا خادم بنائے ہماری دعائیں ہر ان کے ساتھ ہیں اللہ عزّوجلّ ان کی کاوشوں کو قبول فرمائے اللہ عزّوجلّ حاسدوں کے حسد سے محفوظ رکھے اور ہمیشہ دینی خدمات سرانجام دینے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

خدا تجھے مزید رفعت عطا فرمائے دین و دنیا میں عزت عطا فرمائے

طالب دعا: سید محمد سجاد قادری غفر لہ الغنی